تشہد کا ایک مسئلہ

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں تشہد میں اَشْھَدُاَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ " کو اَ لَّا کی بجائے اَنْ لَا پڑھتا رہا توکیا میری نمازیں ہوگئیں؟

سائل :ایک بھائی - انگلینڈ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جی ہاں! آپ کی نمازیں ہوگئیں کیونکہ اسے ادغام کے قاعدہ و کلیہ کے مطابق پڑھنا ضرورتِ قرآت سے ہے مگر فرائض ِ نماز سے نہیں ہے دوسرا یہ کہ اس طرح (اَنْ لَا) پڑھنے سے معنی بھی فاسد نہیں ہوتالہذا نماز تو ہوجائے گی مگر بہتر یہی ہے کہ اسے اَ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھے۔

جیسا کہ سیدی اعلی حضرت امام احمدرضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں فرماتے ہیں : خطا فی الاعراب یعنی حرکت،سکون ، تشدید، تخفیف، قصر ،مد کی غلطی میں علمائے متاخرین رحمہ االلہ علیہم اجمعین کا فتو ی تو یہ ہے کہ علی الاطلاق اس سے نماز نہیں جاتی۔۔ اگرچہ علمائے متقدین و خود ائمہ مذہب رضی االلہ تعالٰی عنہم درصورتِ فسادِ معنی فسادِ نماز مانتے ہیں اور یہی من حیث الدلیل اقوی ،اور اسی پر عمل احوط واحری ۔

(فتاوی رضویہ ج 6 ص248)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 27-12-2017

A matter concerning Tashahhud

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: If I recite اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ اَشْہَدُ as اَنْ لَا instead of اَ لَّا in Tashahhud, is my salāh fulfilled?

Questioner: A brother from U.K.

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

Yes, your salāh is fulfilled, because reciting this in accordance to the rule of Idghām [i.e. merging] is from the essentials of recitation, not from the Farā'id of salāh. The second is that the meaning does not even become invalid by reading as so (اَن لَا), thus even though salāh is fulfilled, it is still better to recite it as

اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ

Just as Sayyidī A'lā Hazrat Imām Ahmad Ridā Khān, may Allāh shower mercy upon him, states in Fatāwā Ridawiyyah that the fatwā [legal verdict according to Islamic Law] of the more recent scholars, may Allāh shower mercy upon them all, with regards to a mistake in I'rāb, meaning a mistake in harakāt, sukūn, tashdīd, takhfīf, qasr, madd, is that salāh does not become invalid under any circumstances. Although the previous scholars and the Imāms of the Madhabs themselves, may Allāh be pleased with them, acknowledge salāh becoming invalid in the case of the meaning becoming invalid, and this is what is stronger in terms of evidences, and it is more cautious and more appropriate to act upon this.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 6, pg 248]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali